عقائد اہلسنّت پر سندھ کے مشہور عالم دین کی کتاب

کشف مبہم مشکلات

فارسی، اردو

مجمع البرکات، منبع الکرامات

حضرت مخدوم الحاج فضل اللہ پانائی حنفی قدس سرہ

۱۲۲۴ھ / ۱۲۹۰ھ

۱۸۰۹ء / ۱۸۷۳ء

ترجمہ و تقدیم

حضرت علامہ مفتی محمد عبداللہ فہیمی سندھی مدظلہ

جمعیّت اِشاعت اہلِسُنّت پاکستان

نور مسجد کاغذی بازار کراچی ۷۴۰۰۰

عقائد اہلسنت پر سندھ کے مشہور عالم دین کی کتاب

کشف مبہم مشکلات

(فارسی، اردو)

مجمع البرکات، منبع الکرامات

حضرت مخدوم الحاج فضل اللہ پاٹائی حنفی قدس سرہ

۱۲۲۴ھ-۱۸۰۹ء / ۱۲۹۰ھ-۱۸۷۳ء

ترجمہ و تقدیم

حضرت علامہ مفتی محمد عبد اللہ فہیمی سندھی مدظلہ

ناشر

جمعیت اشاعت اہل سنت (پاکستان)

نور مسجد، کاغذی بازار میٹھادر، کراچی،

فون: +922132439799

نام کتاب : کشف مبہم مشکلات

تالیف : حضرت مخدوم الحاج فضل اللہ پاٹائی قدس سرہ

ترجمہ و تقدیم : حضرت علامہ مفتی محمد عبداللہ فہیمی سندھی مدظلہ

سنِ اشاعت : جنوری ۲۰۱۵ء / ربیع الاوّل ۱۴۳۶ھ

تعداد اشاعت : ۳۸۰۰

جمعیت اشاعت اہل سنت

نور مسجد، کاغذی بازار میٹھادر، کراچی

فون: +922132439799

خوشخبری: یہ کتاب اس ویب سائٹ پر بھی ہے:

www.ishaateislam.net

پیش لفظ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

زیر نظر رسالہ مخدوم فضل اللہ پاٹائی حنفی علیہ الرحمہ متوفی ۱۲۹۰ھ / ۱۸۷۳ء کی تحریر ہے، جو سلسلہ سہروردیہ کے بانی حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی علیہ الرحمہ کی اولاد میں سے تھے۔ آپ سندھ کے مشہور علمی خانوادے سے تعلق رکھتے تھے اور خود بھی اپنے وقت کے بہت بڑے عالم اور مفتی تھے۔ آپ کے دور میں بھی کچھ لوگ اہلسنّت کے ساتھ جن مسائل میں نزع کرتے تھے جیسے اذان میں انگوٹھے چومنا، میلاد النبی اور گیارہویں شریف، یارسول اللہ اور یاغوث اعظم پکارنا، دعامیں توسّل اور ایصال ثواب وغیرہا تو آپ نے اپنے وقت میں اُن منکرین کا خوب ردّ فرمایا، جو اس بات کا بیّن ثبوت ہے کہ سندھ میں اسلام کی آمد سے لے کر آپ کے زمانہ تک کے مسلمانوں کے عقائد و نظریات وہی تھے جن کی تصریح مخدوم علیہ الرحمہ نے فرمائی ہے۔

یہ رسالہ فارسی زبان میں تھا پھر اس کا برادرم حضرت علامہ مفتی خلیل احمد صاحب ویہرائی نے سندھی زبان میں ترجمہ کیا، پھر مخدوم محمد سلیم اللہ صاحب کی فرمائش پر حضرت علامہ مولانا مفتی عبد اللہ فہیمی صاحب نے اس کا اردو زبان میں ترجمہ کیا، جسے ادارہ جمعیت اشاعت اہلسنّت، پاکستان اپنے سلسلہ اشاعت کے ۲۴۹ ویں نمبر پر شائع کرنے کا اہتمام کر رہا ہے۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ مؤلف، مترجم اور اراکین ادارہ کی اس کاوش کو قبول فرمائے۔ آمین

محمد عطاء اللہ نعیمی عفی عنہ

(خادم الحدیث والافتاء جمعیت اشاعت اہلسنّت، پاکستان)

فہرستِ مضامین

مقدمہ

تعارف مخدوم فضل اللہ پاٹائی

سلسلۂ نسب:

حضرت علامہ مخدوم فضل اللہ پاٹائی علیہ الرحمۃ کا سلسلۂ نسب حضرت شیخ الشیوخ عمر شھاب الدین صدیقی سہروردی علیہ الرحمۃ سے ہوکر خلیفۂ اول حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ تک اڑتیسویں پشت میں ملتا ہے۔ جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

حضرت مخدوم فضل اللہ پاٹائی صدیقی بن مخدوم عبد الواسع بن مخدوم محمد حسن قاري بن مخدوم قاضی دین محمد بن مخدوم مفتی الاسلام فخر الدین عبد الواحد کبیر بن محمود بن شیخ عیسی ثانی پاٹائی برھانپوری بن شیخ قاسم پاٹائی بن شیخ شھاب الدین پاٹائی بن مسیح الاولیاء شیخ عیسی عین المعانی بن شیخ سراج الدین بن شیخ وجیہ الدین بن شیخ مسعود بن شیخ رضی الدین بن شیخ قاسم بن شیخ محمد معروف بن احمد عماد الدین بن شیخ ابی حفص عمر بن شھاب الدین سہروردي کبیر (سلسلہ سہروردیہ کے بانی) اولادِ سیدنا ابي بکر الصدیق رضی اللہ تعالی عنہ۔

مخدوم صاحب کے اجداد کی سندھ میں آمد:

جیسا کہ حضرت مخدوم فضل اللہ پاٹائی علیہ الرحمۃ صدیقی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں، آپ کے اجداد "حجاز" میں رہتے تھے۔ پھر تبلیغِ اسلام کے لئے "بغداد" تشریف لے آئے۔ آپ کے جد امجد شیخ الشیوخ عمر شھاب الدین سہروردی (ولادت:

۵۳۹ھ، وفات: ۶۳۲ھ) بھی بغداد کے رہائش پذیر تھے۔ جب ہلاکو خان کی تباہی کی وجہ سے ایران و عراق کا علاقہ اِس خاندان کے لئے غیر محفوظ ہو گیا، تب آپ کے خاندان والوں نے ہجرت فرمائی۔ حضرت غوث بہاء الدین ذکریا ملتانی، حضرت شیخ الشیوخ عمر شہاب الدین سہروردی کے خاص خلیفہ تھے، اِسی لئے اِس خاندان نے بغداد ثانی "ملتان" کے طرف ہجرت کرنے کا ارادہ فرمایا۔

سب سے پہلے یہ خاندان "کوٹ کروڑ" میں رہائش پذیر ہوا۔ مگر تبلیغ و تعلیم کی اشاعت کی وجہ سے اِس خاندان نے یہاں سے بھی ہجرت فرمائی اور مختلف جگہوں پر مدارس و خانقاہیں قائم کیں۔ تیرھویں صدی عیسوی سے پندرھویں صدی عیسوی تک سندھ پر "سومرا" اور "سموں" حکمرانوں کا دَور رہا۔ اِس دوران سُنی سہروردی اور شیعہ اسماعیلی سندھ اور ملتان پر چھائے ہوئے تھے۔ یہ بات مشہور ہے کہ جب "سموں" حکمرانوں کا دَور آیا تو اِس دَور کے آخری حکمران "جام نظام الدین سموں" (دَورِ حکومت: ۱۴۹۱ء تا ۱۵۱۷ء) نے بیرون ممالک سے سُنّی علماء کو بلا کر سندھ میں سُنی اسلامی تعلیم کی ترویج و اشاعت کے لئے کام کیا۔ اِس سلسلے میں "جام سموں" نے ملتان کے حاکم "سلطان حسین" سے حضرت شیخ شہاب الدین صدیقی ثانی (ولادت: ۸۰۳ھ، وفات: ۸۹۴ھ) کو طلب کیا۔ جس پر سلطان صاحب نے حضرت شیخ شہاب الدین ثانی علیہ الرحمۃ کو سندھ کے طرف روانہ کیا۔ جب آپ کی سندھ میں آمد ہوئی تو جام نظام الدین نے آپ کو "پاٹ" بطور جاگیر نذر دیا۔ جہاں آپ نے مدرسہ اور سلسلۂ سہروردی کا مرکز قائم کیا۔

یہ صدیقی خاندان کے پہلے بزرگ تھے جو سندھ میں آکر رہائش پذیر ہوئے، اور آپ علیہ الرحمۃ ہی کو "پاٹ شہر" کا بانی کہا جاتا ہے۔ پھر مخدوم شہاب الدین ثانی کا خاندان زمانے کے گردش کے سبب مختلف جگہوں پر رہائش پذیر رہا۔ آپ کے خاندان میں سے بعض "برھان پور (انڈیا)" چلے گئے جن میں شیخ عیسیٰ جند اللہ علیہ الرحمۃ بھی شامل ہیں، تو بعض "سیوہن شریف (سندھ)" میں رہائش پذیر ہوئے جن میں مخدوم دین محمد صدیقی (حضرت مخدوم فضل اللہ پاٹائی کے پڑدادا) شامل ہیں۔ اس کے علاوہ باقی خاندان "پاٹ" شہر میں ہی سکونت پذیر رہا۔

مخدوم فضل اللہ کی ولادت:

حضرت مخدوم دین محمد صدیقی علیہ الرحمۃ (ولادت: ۱۱۱۳ھ، وفات: ۱۱۹۲ھ) کلھوڑہ دَورِ حکومت میں پاٹ شہر سے ہجرت کر کے سیوہن شریف میں رہائش پذیر ہوئے۔ کلھوڑہ حکمرانوں کے طرف سے مخدوم دین محمد صدیقی علیہ الرحمۃ مذہبی اُمور کے وزیر اور مفتی مقرر ہوئے۔ اِسی علمی خاندان کے ایک متوکل، پرہیزگار، درویش صفت فرد، حضرت مخدوم عبد الواسع صدیقی علیہ الرحمۃ کے گھر حضرت مخدوم فضل اللہ پاٹائی کی سنہ ۱۲۲۴ھ میں ولادت ہوئی۔

تعلیم و تربیت:

آپ علیہ الرحمۃ بچپن سے ہی درویش طبیعت، اعلیٰ اخلاق، اعلیٰ اخلاص کے حامل تھے۔ آپ علیہ الرحمہ نے ابتدائی تعلیم اپنے پڑدادا مخدوم دین محمد صدیقی کے قائم کردہ مدرسہ میں حاصل کی۔ آپ نے وہاں قرآن مجید حفظ کیا۔ پھر فارسی و عربی کی تعلیم

اپنے چچا جان مخدوم محمد عارف صدیقی سیوہانی علیہ الرحمہ سے حاصل کی جو اُس وقت نعمانِ ثانی حضرت مخدوم عبد الواحد سیوستانی علیہ الرحمۃ الربانی، صاحب "فتاوای واحدی" (ولادت: ۱۱۵۰ھ، وفات: ۱۲۲۴ھ) کے جانشین اور سیوہن شریف کے سب سے بڑے عالم اور قاضی تھے۔ پھر مخدوم فضل اللہ علیہ الرحمہ نے مزید تعلیم ضلع "نواب شاہ" کے ایک گاؤں "کنیاری" میں سندھ کے ایک مشہور عالم محدِّث فقیہ مخدوم عبد الکریم مٹیاری علیہ الرحمہ کے شاگردِ خاص حضرت مخدوم محمد یوسف نقشبندی علیہ الرحمہ سے حاصل کی۔

باطنی تعلیم:

مخدوم فضل اللہ پاٹائی علیہ الرحمہ نے فقط ظاہری تعلیم پر اکتفا نہیں کیا، بلکہ اپنے استاد مخدوم محمد یوسف علیہ الرحمہ کی خدمت میں رہ کر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں بیعت ہوئے اُس کے بعد خوب ذِکر و فکر، مراقبہ، مجاہدات کر کے خرقہء خلافت بھی حاصل کیا۔ یاد رہے کہ حضرت مخدوم محمد یوسف علیہ الرحمہ، حضرت مخدومحمد اسماعیل "وسین شریف والے" کے خلیفہ تھے، اور آپ علیہ الرحمہ شیخ الاسلام حضرت مخدوم فقیہ محدِّث مفسِّر قاری محمد ہاشم ٹھٹوی علیہ الرحمہ (ولادت: ۱۱۰۴ھ، وفات: ۱۱۷۴ھ) کے پوتے حضرت مخدوم محمد ابرہیم مڈئی والے کے خلیفہ تھے۔

درس و تدریس اور پاٹ شریف کے طرف ہجرت:

حضرت مخدوم فضل اللہ پاٹائی علیہ الرحمہ اپنے کامل استاد اور شیخ سے ظاہری و باطنی فیض حاصل کرنے کے بعد اپنے پڑدادا مخدوم دین محمد سیوہانی علیہ الرحمہ کے قائم کردہ

مدرسہ میں بحیثیت استاد مقرر ہوئے۔ اور اپنے استاد مخدوم محمد عارف علیہ الرحمہ کے زیر سایہ درس و تدریس شروع کیا۔ آپ نے بڑی محنت سے تدریس میں وہ کمال حاصل کیا کہ آپ کی شہرت آس پاس کے علاقوں میں پھیل گئی۔ آپ کے اِس دَور میں آپ کے اجداد کا قائم کردہ "پاٹ شہر" علمی و اخلاقی لحاظ سے کمزور ہو گیا۔ پھر یہ بات طئے ہوئی کہ حضرت مخدوم فضل اللہ پاٹائی کو سیوہن سے نقل مکانی کروا کر پاٹ شہر بھیجا جائے۔ تب آپ علیہ الرحمہ نے اپنے دو شاگرد دو بھتیجے مخدوم حاجی حسن اللہ اور مخدوم میاں رزق اللہ کو ساتھ لیکر پاٹ شہر میں "مدرسہ فضل اِلٰہیہ" قائم کیا۔ آپ نے ابتدا میں ظاہری تعلیم و تدریس پر توجہ دی جس کے سبب آپ کو ہر طرف سے شہرت ملی۔ جب آپ کا آخری وقت آیا تو آپ نے باطنی تعلیم کی ترویج کے طرف بھی توجہ دی اور پاٹ شہر میں "خانقاہِ فضل اِلٰہیہ" بھی قائم کیا۔ اور اِس خانقاہ سے کثیر خلقِ خدا نے فیض حاصل کیا۔

تصنیف و تالیف:

حضرت مخدوم فضل اللہ پاٹائی علیہ الرحمہ نہ فقط اعلیٰ درجے کے مدرِّس اور کامل ولی تھے بلکہ آپ بے مثال مُصنِّف بھی تھے۔ آپ نے اپنی زندگی میں درس و تدریس، ذکر و تسبیح، طلباء و فقراء کی تربیت، اہل و عیال کی اصلاح اور روزمرہ کی دیگر ضروریات سے فراغت کے بعد کچھ وقت نکال کر تصنیف و تالیف کا کام بھی جاری رکھا۔ آپ کی تصانیف سے سماجی، معاشی، معاشرتی، مذہبی، روحانی اور اخلاقی رجحانات کی نشان دہی ہوتی ہے۔ اگر ہم آپ علیہ الرحمہ کی تحریر کے جانب دیکھتے ہیں تو آپ ہمیں

ایک مُصلِح اور خیر خواہ کی صورت میں نظر آتے ہیں۔ آپ اپنے معاشرے میں اخلاقی و روحانی انقلاب چاہتے تھے۔

آپ کی تصانیف زیادہ ہیں مگر اُن میں سے جو مشہور ہوئیں وہ یہ ہیں:

(۱) اصلاح المصلح والمفتاح (۲) وحدت نامہ (۳) زیور نامہ

(۴) ترتیب الصلاۃ (۵) اربعین احادیث (۶) مجاز نامہ

(۷) ساموںڈی سوداگر (۸) نکاح نامہ (۹) معجزہ

(۱۰) تصوف نامہ، (۱۱) بیاض فضلی: آپ علیہ الرحمہ کی یہ تصنیف عربی، فارسی، سندھی اور اُردو زبان میں ہے، اور اِس کتاب میں شرعی و فقہی مسائل سوال و جواب کی صورت میں مذکور ہیں۔

(۱۲) زکوٰۃ نامہ (۱۳) **الحق الاظہار للظہر فی القریٰ و الأمصار:** یہ تصنیف عربی زبان میں ہے اس کتاب میں آخر ظہر کے متعلق بحث ہے، اور دلائلِ قویّہ سے ثابت کیا گیا ہے کہ جمعۃ المبارک کی نماز کے بعد آخرِ ظہر پڑھنا ضروری ہے۔

(۱۴) **اللمحۃ فی اثبات آخر الظہر بعد الجمعۃ:** یہ بھی عربی زبان میں ہے، اِس کتاب میں آخرِ ظہر کے متعلق بحث ہے، اور آپ نے اپنی اِس تصنیف میں علامہ عبد الغنی کی تحریر کا رڈ کیا ہے۔

(۱۵) غزلیات (۱۶) کشف مبہم مشکلات۔ یہ وہ تصنیف ہے جو آپ کے ہاتھوں مین ہے۔

شاعری:

مخدوم علیہ الرحمہ کو شعر و شاعری کا فن اپنے آباء و اجداد سے وراثۃً ملا۔ آپ کے والد گرامی مخدوم عبد الواسع علیہ الرحمہ بھی ایک اچھے شاعر تھے اور اُن کا تخلص بھی "شاعر" تھا۔ مخدوم فضل اللہ پاٹائی عربی، فارسی اور سندھی زبان میں شعر کہے۔ درگاہ کھیاری شریف کی مسجد میں کتبے پر بھی آپ کے اشعار لکھے ہوئے ہیں۔ اور اپنے استاد و مرشد مخدوم محمد یوسف علیہ الرحمہ کی رحلت پر آپ نے مرثیے لکھے۔ آپ کا تخلّص "فضل اللہ" اور "فضلِ اِلٰہ" اور "فضل" تھا۔

شادی اور اولاد:

مخدوم فضل اللہ پاٹائی علیہ الرحمہ نے اپنے استاد مخدوم محمد عارف سیوہانی علیہ الرحمہ کی بیٹی اور مخدوم عبد الواحد سیوستانی علیہ الرحمہ کی نواسی سے عقد نکاح کیا۔ جو ایک عابدہ، زاہدہ، تہجد گذار عورت تھی۔ آپ کی اولاد میں ایک بیٹا مخدوم نظام الدین اور ایک بیٹی شامل ہیں۔ مخدوم نظام الدین اپنے والد کی طرح درویش صفت، عالم با عمل، واقفِ رموز طریقت و حقیقت و معرفت ہونے کے ساتھ ساتھ صاحبِ تصانیف بھی تھے۔

وصال باکمال:

یہ خورشید علم و عرفان، مرجع خاص و عام یادِ خالق اور خدمتِ مخلوق میں اپنی زندگی بسر فرما کر سنہ ۱۲۹۴ھ میں اِس فانی جہان کو الوداع کہہ کر ﴿ارْجِعِي إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً﴾ کی بشارت سے اپنے حقیقی محبوب ربّ ذو الجلال و الاکرام سے ملے۔ وفات

کے وقت آپ کی عمر مبارک ۷۰ سال تھی۔ آپ کا مزار پر انوار پاٹ شریف ضلع دادو میں درگاہ شریف کی مسجد سے متّصل ہے اور آپ کے مزار پر عالیشان گنبذ بھی بنا ہوا ہے۔

کچھ اِس رسالے کے متعلق

یہ رسالہ "کشف مبہم مشکلات" جو آپ کے ہاتھوں میں ہے، حضرت مخدوم فضل اللہ پاٹائی علیہ الرحمہ نے کسی سائل کے سوال کرنے پر سن ۱۲۷۸ھ میں تصنیف فرمائی، جیسا کہ آپ نے رسالے کی ابتدا میں فرماتے ہیں:

گشت نام ایں رسالہ "کشف مبہم مشکلات"

نام باسالش موافق، اسم بر رسمش گواہ

یعنی، اِس رسالے کا نام "کشف مبہم مشکلات" ہے اس کا نام سنِ تصنیف کے موافق ہے اور نام، موضوع پر گواہ ہے۔

ابجد کے حساب سے "کشف مبہم مشکلات" کے اعداد ۱۲۷۸ بنتے ہیں۔ یہ رسالہ عقائد کے موضوع پر لکھا گیا ہے۔ حضرت مخدوم صاحب نے اپنے اس رسالے میں وہ نو (۹) مسائل حل کیے ہیں جن میں سُنّی (بریلوی) اور وہابی دیوبندی و غیر مقلّدین (اہلِ حدیث) کے مابین اختلاف ہے۔ جیسا کہ اذان میں حضور پُر نور ﷺ کا اسم گرامی سُن کر انگوٹھے چُومنا، میلاد منانا و گیارویں کرنا، یارسول اللہ ﷺ اور المدد یا غوث اعظم پکارنا، انبیاء و اولیاءِ سے مدد طلب کرنا، تقلید کرنا، وسیلہ لینا، ایصالِ ثواب کرنا، رسول

اللہ ﷺ کی شفاعت طلب کرنا۔ اور یہ اُمور وہابیہ کے نزدیک شرک اور ناجائز ہیں، جبکہ سُنّی اِن کو جائز اور باعثِ ثواب سمجھتے ہیں۔ حضرت مخدوم فضل اللہ پاٹائی علیہ الرحمہ ایک مقلّد اوز بے ریا عالم تھے، اور سلسلہ کے قائد کی حیثیت سے اپنے اوپر لازم سمجھ کر اُس وقت یہ رسالہ لکھا جب سندھ میں وہابیہ نے نئے نئے عقائد ایجاد کئے تھے۔ ان (وہابیوں) کی تبلیغ سے سیدھے سادھے ان پڑھ مسلمان حیران ہوتے تھے کہ یہ لوگ ان باتوں سے ہمیں منع کرتے ہیں جو سندھ میں علماء سے منقول ہیں۔ تب حضرت مخدوم فضل اللہ پاٹائی علیہ الرحمہ نے عوامِ اہلسنّت کو وہابیہ کے عقائد سے آگاہ کرتے ہوئے عقائد صیحہ کو واضع کر کے اس رسالے میں بیان فرمایا ہے۔

اِس کتاب کے چار قلمی نسخے پیر خلیل احمد اشرفی ازہری مدظلہ العالی کے پاس موجود ہیں۔

جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

پہلا نسخہ (الف):

یہ نسخہ سب سے قدیم ہے مصنف علیہ الرحمہ کی تصنیف کے بعد چھ (۶) سال بعد سنہ ۱۸ شوال المکرم ۱۲۸۵ھ میں نقل ہوا۔ اس نسخے کے کاتب علامہ خان محمد بن الھداد ساکن بوبک ہیں۔ اس نسخے کا خط نستعلیق ہے، اور الفاظ صاف ہیں۔ اور اِس کا سائز ۱۱/۱۵ ہے، اور یہ نسخہ ۲۱ صفحات پر مشتمل ہے، اور ہر ایک صفحہ میں ۱۴ سطریں ہیں، اور ہر ایک سطر میں تقریباً ۱۵ سے ۱۷ الفاظ ہیں۔

دوسرا نسخہ (ب):

اِس نسخے کی کتابت ۴ شعبان المعظم ۱۳۴۳ھ میں ہوئی ہے۔ اِس نسخے کے کاتب علامہ محمد موسیٰ کھوکھر ہیں، اس نسخے کا خط بھی نستعلیق ہے، اور الفاظ صاف ہیں۔ اور اِس کا سائز ۳۰/۱۶ ہے، اور یہ نسخہ ۱۱ صفحات پر مشتمل ہے، اور ہر ایک صفحہ میں ۲۵ سطریں ہیں، اور ہر ایک سطر میں تقریباً ۱۷ سے ۱۹ الفاظ ہیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

تیسرا نسخہ (ج):

اِس نسخے کے کاتب علامہ عبد العزیز نعیمی ہیں۔ اور سن کتابت ۱۰ رمضان المبارک ۱۴۰۰ھ ہے۔ اس نسخے کا خط بھی نستعلیق ہے، اور الفاظ صاف ہیں۔ اور اِس کا سائز ۱۸/۲۶ ہے، اور یہ نسخہ ۱۶ صفحات پر مشتمل ہے، اور ہر صفحہ میں ۲۱ سطریں ہیں، اور ہر ایک سطر میں تقریباً ۱۴ سے ۱۸ الفاظ ہیں۔

(۱)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رب یسر ولا تعسر وبک نستعین توکلت علیک وتمم بالخیر
حامدا ومصلیا ومسلما میگوید احقر العباد فضل اللہ سیوستانی عفی اللہ ذنوبہ وستر عیوبہ
این رسالہ ایست محتوی بر چند مسؤلات بعد اجوبہ منقولات کہ باستدعائی سائلی بقید تحریر وحسن
تحریر آمدہ ، ربامی بہ کشف مسئولات مبہم شد مجاب اجوبات ہو گشت نام این رسالہ کشف
مبہم مشکلات ، ہر نام باسائش موافق اسم بر رسمش گواہ ، ہر تحفہ ارباب علم وہدیہ اہل نجات
وبتوفیق اللہ تعالی این نہ طباق مسؤلات را در اطباق اجوبہ منقولات مطوی ساختہ و
عروسان عبارات عربیہ را بہ پیرایش حلہ پارسی پیراستہ واللہ الموفق والمعاف ۔
المسئول الاول ، بوقت شنیدن اشہد ان محمدا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم در اذان ہر دو نر انگشتان
بر چشمان نہادن وبوسیدن درست است یا مستحب یا مکروہ یا بدعت وحرام است ؟
المنقول در ریاض ہاشمی از مضمرات وفتاوی ناصری آوردہ کہ در وقت شنیدن شہادۃ ثانیہ
در اذان نہادن ہر دو انگشت بر چشمان سنت است ودر مفتوح الاوراد آوردہ باید کہ
درین وقت ہر دو انگشت شہادت بر چشمان نہد کہ از امیر المؤمنین علی رضی اللہ تعالی عنہ مروی
است کہ در وقت شہادت ثانیہ ہر دو سبابہ بر چشم می نہاد ومیگفت رضیت باللہ ربا وبمحمد
صلی اللہ علیہ وسلم رسولا وبالاسلام دینا الخ اندرین باب احادیث بسیار وارد است لیکن خالی از
ضعف نیست چنانچہ در تذکرۃ الموضوعات اکثر احادیث آوردہ وبیان ضعف نمودہ مگر حدیث
سابق از علی کرم اللہ وجہہ الکریم بلا بیان ضعف نقل کردہ ودر مقاصد الروایات آوردہ اما حدیث
مسح العینین بباطن سر انگشت وبوسیدن آن بوقت سماع اسم آنسرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم
از زبان مؤذن علماء میگویند کہ بصحت نرسیدہ وحکم بوضع این حدیث نیز نکردہ اند
بلکہ بعضے میگویند کہ در تجربہ آمدہ است کہ بوسیدن سر انگشت در این وقت بر چشم

چوتھا نسخہ (د):

اِس میں نہ کاتب کا نام ہے اور نہ ہی سنِ کتابت ہے، اس کا خط بھی نستعلیق ہے، اور الفاظ صاف ہیں۔ اور اِس نسخے کا سائز ۱۴/۲۴ ہے، اور یہ نسخہ ۱۸ صفحات پر مشتمل ہے، اور ہر صفحہ میں ۲۲ سے ۲۳ سطریں ہیں، اور ہر ایک سطر میں تقریباً ۱۲ سے ۱۴ الفاظ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رب تعالیٰ کی حمد اور صلاۃ والسلام پڑھتے ہوئے احقر العباد فضل اللہ سیوستانی اللہ تعالیٰ اُس کے گناہوں کو بخش دے اور عیوب کی پردہ پوشی فرمائے۔ کہتا ہے کہ: یہ رسالہ چند سوالات بمع جوابات جو کسی سائل کی استدعا پر قیدِ تحریر اور حسنِ تقریر ہیں۔

مشکل سوالوں کو عجیب جوابات سے کھولا گیا ہے۔

اِس رسالے کا نام "کشف مبہم مشکلات" ہے۔

کتاب کا نام سال کے موافق ہے۔

اور نام سے ہی موضوع ظاہر ہے۔

علم والوں کے لیے تحفہ اور اہلِ نجات کے لیے ھدیہ ہے۔

اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اِس رسالے کو نو(۹) ترتیب وار سوالات کو اُسی تریب سے مُدلّل جوابات کے ساتھ تیار کیا ہے۔ اور عربی عبارات کی دلہن کو فارسی جوڑا پہنایا ہے۔ اور توفیق اللہ تعالیٰ دینے والا ہے اور وہی مددگار ہے۔

پہلا سوال:

اذان میں اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلُ اللہِ سُنتے وقت دونوں انگوٹھوں کو آنکھوں پر رکھنا اور چُومنا درست اور مباح ہے یا مستحب ہے یا مکروہ ہے یا بدعت و حرام ہے؟

جواب:

"بیاض ہاشمی" (۱) (۲) میں "مضمرات" (۳) اور "فتاوی ناصری" سے نقل کیا گیا ہے کہ: اذان میں شہادت ثانیہ (اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلُ اللهِ) سُنتے وقت دونوں انگوٹھوں کو آنکھوں پہ رکھنا سُنت ہے۔ اور "فتوح الأوراد" (۴) میں ہے کہ: دونوں شہادت والی انگلیاں آنکھوں پر رکھنی چاہییں۔ کیونکہ امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: شہادت ثانیہ (اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلُ اللهِ) سُنتے وقت دونوں شہادت والی انگلیاں آنکھوں پر رکھ کر یہ کہتے تھے: رَضِیْتُ بِاللهِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا۔

---

(1) یہ کتاب امام فقیہ شیخ الاسلام محدّث مفسّر قاری مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی متوفیٰ ۱۱۷۴ھ کی تصنیف ہے، یہ کتاب آپ کے فتوی کا مجموعہ ہے، نہایت معتبر کتاب ہے، یہ کتاب چار ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے، یہ کتاب طبع شدہ نہیں ہے، اوراس کا عکس جمعیت اشاعت اہلسنت پاکستان کی لائبریری میں موجود ہے۔

(2) "بياض الهاشمي"، كتاب الصلاة، باب الأذان، فصل: في إجابة الأذان و الإقامة، ۱/ ق ۸۸.

(3) اس کتاب کا نام "جامع المضمرات و المشکلات" ہے اوراس کا مصنّف امام یوسف بن عمر کماروی حنفی (ت ۸۳۲ھ) ہے، یہ کتاب مختصر القدوری کی شرح ہے۔ دیکھیے: کشف الظنون، ۱/ ۵۷۴) اور یہ کتاب طبع شدہ نہیں ہے، اس کا ایک جلد کتاب النفقات تک جمعیت اشاعت اہل سنت کی لائبریری میں موجود ہے۔

(4) یہ کتاب شیخ عالم محدّث فتح محمد بن عیسیٰ بن قاسم سندھی برہانپوری کی تصنیف ہے، دیکھیے: نزہۃ الخواطر، ۵/ ۶۰۱، یہ کتاب طبع شدہ نہیں ہے۔

اِس باب میں احادیث کافی ہیں لیکن ضُعف سے خالی نہیں ہیں۔ چنانچہ "تذکرة الموضوعات" میں اکثر احادیث مذکور ہیں اور اُن کا ضُعف بھی بیان کیا گیا ہے۔ مگر سابق حدیثِ حضرت علی رضی اللہ عنہ والی ضُعف بیان کیے بغیر منقول ہے۔

"متانة الروایات"[۵] میں ہے کہ: اذان میں سرورِ کائنات ﷺ کا نام مبارک سُنتے وقت انگلیوں کا اندر والا حصہ یا انگوٹھے چومنے والی حدیث کے بارے میں علماء فرماتے ہیں کہ: وہ احادیث درجہ صحت کو نہیں پہنچیں۔ اِس حدیث کے موضوع ہونے کا حکم بھی نہیں کیا ہے۔ بلکہ بعض کہتے ہیں کہ: تجربہ سے یہ بات ثابت ہے کہ (اذان میں اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلُ اللهِ سُنتے وقت انگلیوں کو چومنے سے نابیناپن نہیں آتا۔ اور بعض اہلِ تجربہ کا کہنا ہے کہ: جو شخص نابینائی میں مبتلا ہوں وہ یہ عمل کریں اُن کی آنکھیں روشن ہوجائیں گی[۶]۔

(5) اس کتاب کا مکمل نام "المتانة فی مرمة الخزانة" ہے، یہ کتاب امام فقیہ محمدؒ جعفر بن محمدؒ میراں بن یعقوب بوبکانی متوفیٰ ۱۰۰۲ھ کی تصنیف ہے، یہ کتاب فقہ حنفی کے فروعی مسائل میں نہایت معتبر ہے، اور یہ کتاب طبع شدہ ہے۔

(6) "المتانة فی مرمة الخزانة"، کتاب الصّلاة، باب الأذان، ص۔ ۱۴۷

اور "کنز العباد" (۷) میں یہ حدیث پاک مذکور ہے کہ: "مَنْ سَمِعَ اِسْمِیْ فِی الْاَذَانِ وَ وَضَعَ اِبْهَامَیْهِ عَلٰی عَیْنَیْهِ فَاَنَا طَالِبُهٗ فِیْ صُفُوْفِ الْقِیَامَةِ وَ قَائِدُهٗ اِلَی الْجَنَّةِ یعنی، پیغمبر ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: جو شخص بھی اذان میں میرا نام سُنے پھر دونوں انگوٹھے آنکھوں پر رکھے میں اُس کو قیامت کی صفوں میں تلاش کرونگا اور اُس کو جنّت میں لے جاؤنگا۔

اور "مقدّمةُ الصّلوة" میں ہے کہ: جب کوئی نبی کریم ﷺ کا اسم مبارک سُنے تو انگوٹھے چوم کر آنکھوں پر رکھے۔ اِسی طرح "خزانةُ الرّوایات" (۸) (۹) میں ہے۔

روایاتِ منقولہ سے اچھی طرح واضح ہو گیا کہ اِس فعل کے حرام یا بدعت یا کراہیت کا قائل کوئی نہیں ہے۔ اور جو احادیث اِس باب میں وارد ہیں وہ ضُعف سے خالی نہیں ہیں۔ مگر امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حدیث جو ذکر کی گئی ہے

---

(7) اس کتاب کا مکمل نام "کنز العباد فی شرح الاوراد" ہے، یہ کتاب علی بن احمد الغوری کی تصنیف ہے، اِس کتاب میں شیخ الاجل محی السّنۃ شہاب الدین سہروردی کے اورادِ شامل ہیں۔ دیکھئے: کشف الظّنون، ۲/۱۵۱۷، اور یہ کتاب طبع شُدہ نہیں ہے۔

(8) اِس کتاب کا مکمل نام "خزانة الروایات في الفروع" ہے، یہ کتاب قاضی جگن ہندی متوفیٰ ۹۲۰ھ ساکن گجرات کی تصنیف ہے، دیکھئے: کشف الظّنون، ۱/۷۰۲، نزهة الخواطر، ۴/۳۲۸، یہ کتاب طبع شدہ نہیں ہے، اس کا عکس جمعیت اشاعت اہلسنت (پاکستان) کی لائبریری میں موجود ہے۔

(9) "خزانة الرّوایات"، کتاب الصّلاة، باب الاذان، ق۷۸/ب۔

وہ درجہ صحت کو پہنچی ہوئی ہے۔

اب اس قسم کی احادیث پر عمل کرنا اگرچہ احادیث ضُعف کے طرف منسوب ہیں (پھر بھی) مستحب ہے۔ کیونکہ شیخ علی قاری اپنی تصنیف بنام "عجالة الوقت"[۱۰] میں فرماتے ہیں کہ: أنّه یستحبُّ العملُ بالحدیث الضَّعیف مالم یکن موضوعاً یعنی، ضعیف حدیث پہ عمل کرنا مستحب ہے مگر وہ حدیث موضوع کے درجے کو نہ پہنچی ہو۔

پس دونوں انگوٹھے چوم کر آنکھوں پر رکھنا حدیث اور منقولہ روایات کے مطابق سُنت اور مُستحب ہے۔ اور یہ فعل مکروہ وبدعت اور حرام نہیں ہے۔

دوسرا سوال:

رسول کریم ﷺ کا میلاد مبارک اور حضرت غوث الاعظم پیر دستگیر قدس سرالله کی سالانہ گیارویں کرنا، اور یہ الفاظ کہنا کہ یہ طعام حضرت رسول کریم ﷺ کا عرس ہے اور یہ گیارویں کا طعام ہے۔ پس شرعی لحاظ سے یہ عام کھانا درست ہے یا

(10) مصنّف علیہ الرحمہ سے اِس کتاب کی نسبت ملّا علی قاری علیہ الرحمہ کے طرف کرنے میں تسامح ہوا ہے، کیونکہ مصنّف نے یہ حوالہ "بیاضِ ہاشمی" سے نقل کیا ہے اور وہاں یہ رسالہ "عجالۃ الوقت"، ملّا علی قاری علیہ الرحمہ کے طرف بغیر نسبت کے لکھا ہوا ہے۔ اور ساتھ ہی وہاں متصلاً ملّا علی قاری علیہ الرحمہ کی کتاب "المرقاۃ" کا ایک حوالہ لکھا ہوا ہے، اِس لئے مصنّف علیہ الرحمہ نے سمجھا کہ شاید یہ رسالہ بھی ملّا علی قاری علیہ الرحمہ کی تصانیف میں سے ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

مباح ہے یا حلال ہے یا مکروہ و حرام ہے؟ پس اگر (یہ طعام) حلال ہے تو پھر آیۂ کریمہ ﴿وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللهِ﴾ [11] کا کیا معنیٰ ہے؟

جواب:

اِس سوال کے ضمن میں چند مسائل درج ہیں۔

پہلا: حضرت رسول الثقلین ﷺ کا میلاد مبارک:

"مواهبُ اللّدنية" [12] میں منقول ہے کہ: روى أبولهب بعد موته فى النوم فقيل له ماحالك؟ فقال فى النّارالا أنه خفّف من كل ليلة اثنين و أمصّ من اصبعتين هاتين ماء و أشار براس اصبعيه و أن ذالك باعتاق ثويبة عند ما بشّرتنى بولادة النّبى ﷺ و بارضاعها له [13]۔ یعنی، ابو لھب (کافر) کو اُس کے مرنے کے بعد خواب میں دیکھا گیا، اُسے کہا گیا کہ کیا حال ہے؟ اُس نے جواب دیا کہ جہنم کی آگ میں ہوں۔ مگر پیر کی رات میرے عذاب میں تخفیف کی جاتی ہے۔ اپنی دونوں

---

(11) "القرآن"، سورة البقرة، الآية: ۱۷۳

(12) اس کتاب کا مکمل نام "المواهب اللدنية بالمنح المحمدية" ہے، یہ کتاب شیخ شہاب الدین ابو العباس احمد بن محمد قسطلانی متوفی ۹۲۳ھ کی مشہور تالیف ہے، یہ جلیل القدر، عظیم المرتبت، کثیر المنفعت کتاب ہے، اور اپنے موضوع پر نظیر نہیں رکھتی، دیکھئے: کشف الظنون، ۲/ ۱۸۹۶، اور یہ کتاب طبع شدہ ہے۔

(13) "المواهب اللدنية"، المقصد الأول، ذكر رضائه ﷺ، ۱/ ۷۸

انگلیوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ اِن دونوں انگلیوں سے ٹھنڈا پانی پیتا ہوں۔ میری کنیز جس کا نام ثویبہ ہے اُس نے مجھے نبی ﷺ کی ولادت کی بشارت دی تھی پھر میں نے اُس کو آپ ﷺ کو دودھ پلانے کے غرض سے آزاد کرنے کی وجہ سے مجھے یہ نعمت حاصل ہوئی ہے۔ انتہیٰ

علامہ ابن جوزی جو اکابرِ علماء میں سے ہیں وہ (مذکورہ حدیث لکھنے کے بعد) اِس جگہ لکھتے ہیں کہ: "جب ابو لہب جیسا کافر جو آپ ﷺ کو ایذاء دیتا تھا جس کی مذّمت میں قرآن نازل ہوا ہے آپ ﷺ کی ولادت کی خوشی کے سبب اُس کے عذاب میں تخفیف اور ہر پیر کو اُس انگلی سے پانی پیتا ہے تو اُس موحّد مسلمان کا کیا حال ہو گا جو سرورِ عالم ﷺ کی ولادت کی خوشی میں طعامِ ولیمہ تیار کر کے فقیروں اور اپنے قریبی رشتہ داروں کو کھلائے۔ حالانکہ آپ ﷺ کا وجود مسعود تمام جہان والوں کے لیے رحمت ہے۔ اُمید ہے کے کھانے کے تیار کرنے والے کو اللہ تعالیٰ اپنے فضلِ عمیم سے جنّاتُ النّعیم میں داخل فرمائے گا اگرچہ وہ بندا گناہوں سے پُر ہو"۔ یہاں ابن جوزی کا کلام ختم ہوا۔

(اِس کتاب کا) مؤلف کہتا ہے کہ سرورِ کائنات ﷺ کے ولادت کی خُوشی جو، نُزولِ قرآن، حُصولِ ہدایت اور ایمان کا منشاء ہے وہ قرآن کی دلالتِ نصّ سے بطریقِ اَولیٰ ثابت اور مامور ہے۔ جیسا کہ رب تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ﴾ (١٤)

ترجمہ: تم فرماؤ اللہ ہی کے فضل اور اُسی کی رحمت، اُسی پر چاہیئے کہ خوشی کریں، وہ سب اُنکی دھن و دولت سے بہتر ہے۔

اِس آیۃ مبارکہ کی تفسیر کرنے والے جیسا کہ صاحبِ "مدارک" (15) اور "بیضاوی" (١٦) وغیرہ نے فضل اور رحمت کی تفسیر قرآن اور اسلام سے کی ہے (١٧)۔ پس جب اِن دو چیزوں کے حاصل ہونے پر خوشی منانے کا حکم ہے تو پھر میلاد شریف کی خوشی منانے کا حکم جو اِن چیزوں کا مبدأ اور دونوں جہانوں کا نفع اور نعمت کے حصول کا منشاء ہے بطریقِ اَولیٰ ثابت ہوتا ہے۔

اور خوشی کا کم سے کم درجہ ماہِ رمضان کی آمد سے ہوتا ہے کہ مؤمن اِس

---

(14) القرآن، سورۃ یونس، الآیۃ: ٥٨

(15) اس تفسیر کا مکمل نام "مدارك التنزيل وحقائق التأويل" ہے، یہ تفسیر امام حافظ الدین عبد اللہ بن احمد النسفی متوفی ۷۰۱ھ کی تصنیف ہے، دیکھئے: کشف الظنون، ۲/ ۱۶۴۰، اور یہ تفسیر طبع شدہ ہے۔

(16) اس تفسیر کا مکمل نام "أنوار التنزيل وأسرار التأويل" ہے، یہ تفسیر امام قاضی علامہ ناصر الدین ابو سعید عبد اللہ بن عمر بیضاوی متوفی ۶۸۵ھ کی تصنیف ہے، علمانے اس تفسیر کی متعدد شروحات لکھیں ہیں۔ دیکھئے: کشف الظنون، ۱/ ۱۸۶ اور یہ تفسیر طبع شدہ ہے۔

(17) "تفسیر مدارک التنزیل"، سورۃ یونس، تحت الآیۃ: ٥٨، ١/ ٤٦٧

"تفسير البيضاوي"، سورة يونس، تحت الآية: ٥٨، ٣/ ١١٦

خوشی کے سبب گناہوں سے ایسا پاک ہو جاتا ہے کَیَوْمٍ وَلَدَتْہُ اُمُّہٗ (جیسے اُس کی ماں نے ابھی جنا ہے) اور رسول اکرم ﷺ خوشی کی سبب اِس ماہِ مبارک میں مسکینوں کو خیرات عطا فرماتے تھے اور قیدیوں کو آزاد فرماتے تھے، یہ تمام اُمور خوشی کا اظہار ہیں۔ جب ماہِ ولادت (ربیع الاول) جو سعادت کا منشأ ہے کی آمد ہو تو مؤمن کو بھی خوشی کا اظہار، لنگرِ عام اور مہمانوں کی عزّت و تکریم کرنا زیادہ مناسب ہے اور یہی امور رضائے الٰہی کو واجب کرنے والے ہیں۔ جب یہ خوشی قرآن و حدیث کی دلالتِ نصّ سے ثابت ہے تو اِس معنٰی کے انکاری منکر ہیں۔ زیادہ علم رب تعالیٰ کے پاس ہے۔

اِس خوشی کی مشروعیّت اور سالانہ خوشی منانے کا جواز "صحیح بخاری"، "صحیح مسلم" کی حدیث سے علامہ ابن حجر علیہ الرحمہ جو حافظ الحدیث تھے اُس نے ثابت کیا ہے۔ آپ نے حدیث نقل فرمائی ہے کہ جب آپ ﷺ مدینہ منورہ زادھا اللہ شرفاً و تعظیماً (اللہ تعالیٰ اُس کے شرف اور تعظیم میں اضافہ فرمائے، آمین) تشریف لائے تو آپ نے یہودیوں کو دیکھا کہ وہ عاشورہ یعنی ۱۰ محرم الحرام کے دن کو روزہ رکھتے تھے، جس پر آپ ﷺ نے اُن سے اِس کا سبب پوچھا تو وہ کہنے لگے کہ یہ عاشورہ کا وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے فرعون کو غرق فرمایا اور حضرت موسیٰ علی نبیینا و علیہ الصلاۃ و السلام کو نجات عطا فرمائی، اِسی وجہ سے ہم ربّ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے روزہ رکھتے ہیں۔ اِس پر آپ ﷺ نے فرمایا: اَنَا اَحَقُّ بِمُوْسٰی یعنی ہم حضرت موسی علیہ السلام کی اتباع کے زیادہ حقدار ہیں کہ یہ شکرانہ بجالائیں۔

حافظ الحدیث ابن حجر عسقلانی فرماتے [۱۸] ہیں کہ: "اِس حدیث سے یہ بات مُستفاد ہے کہ ایسی نعمت جو کسی مخصوص دن میں معین ہو اُس پر اللہ تعالیٰ کا شکر کرنا اُس نعمت کو سال بسال تازہ کرنا جائز اور مشروع ہے۔ شکرانے کی ادائگی کے اقسام عبادت کے تمام اقسام سے حاصل ہوتی ہیں جیسے، سجدہ کرنا، روزے رکھنا، قیام (نوافل پڑھنا)، صدقہ ادا کرنا اور تلاوتِ قرآن کرنا وغیرہ۔

وأيُّ نِعمةٍ أعظمُ من ظُهور هذا النّبيِّ ﷺ یعنی، حضور سرور ﷺ سے زیادہ کون سے عظیم نعمت ہے جو ولادت والے دن ہمیں حاصل ہوئی ہے۔" اِسی طرح امام سیوطی علیہ الرحمۃ کے کتاب "حسن المقصد" [۱۹] [۲۰] میں ہے۔

ثانیاً:

حضرت غوثِ اعظم کی گیارویں کرنا، ولی کی عزّت کرنے کی باب میں سے ہے۔ جیسا کہ دیلمی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حدیثِ قُدسی نقل فرمائی ہے کہ: مَنْ

---

(18) حافظ ابن حجر علیہ الرحمۃ کا یہ فرمان امام جلال الدین سیوطی شافعی علیہ الرحمۃ نے اپنے کتاب "حسنُ المقصد فی عمل المَولد" میں ذکر کیا ہے، جس کی تخریج آگے آرہی ہے۔

(19) اس کتاب کا مکمل نام "حسنُ المقصد فی عمل المَولد" ہے، یہ امام جلال الدین سیوطی شافعی متوفی ۹۱۱ھ کی تصنیف ہے، آپ نے اپنی اِس تصنیف میں محفل میلاد قائم کرنے کے متعلق دلائل دیئے ہیں، دیکھئے: کشف الظنون، ۱/ ۶۶۷، اور یہ کتاب طبع شدہ ہے۔

(20) "حسن المقصد في عمل المولد"، كلام الحافظ أبو الفضل ابن حجر في عمل مولد، صـ ٦٣.

اَکْرَمَ لِیْ وَلِیًّا وَلَوْ بِقُصَیِّبٍ یُسْتَاکُ فَقَدْ وَجَبَتْ کَرَامَتُهُ عَلَیَّ لَمْ اَرْضَ لَهُ دُوْنَ الْجَنَّةِ (۲۱) یعنی: "جو کوئی شخص میری وجہ سے کسی ولی کی تعظیم و تکریم کرتا ہے اگرچہ درخت کی لکڑی ہو جس سے مسواک کی جائے یعنی ایسی چیز جس سے نفع حاصل کیا جائے پھر اُس بندے کی تعظیم مجھ پر واجب ہے پھر اُس بندے کے لئے جنّت کے علاوہ کسی اور چیز کے لئے راضی نہیں ہونگا"۔

یہ حدیث ولی کی عزّت و تعظیم کو شامل ہے چاہے وہ ولی زندہ ہو یا اُس کا وصال ہو گیا ہو۔ پس اگر ولی زندہ ہو تو کوئی نفع والی چیز دینے سے تعظیم کی جائے یا اگر اُس ولی کا وصال ہو گیا ہو تو ولی کے طرف سے کوئی چیز فُقراء کو خیرات دی جائے تو اُس شخص کی عزت اللہ تعالیٰ کے وعدہءِ وفا کے سبب واجب ہے اور اُس شخص کے لئے جنّت کے علاوہ کوئی اور چیز نہیں ہے۔

"عقائد السّنیه"(۲۲) میں ہے کہ :قال علیه الصّلاة و السّلام: "اِنَّ الْحَیَّ اِذَا

---

(21) "فردوس الأخبار"، برقم: ٤٤٧٤، ٢/ ١٣٧

(22) اس کتاب کا مصنف علامہ محدّث مفسّر عثمان بن عیسیٰ صدیقی حنفی متوفیٰ ۱۰۰۸ ھ ہے۔ دیکھئے: نزہة النواظر، ۵/ ۵۸۵، اور یہ کتاب طبع شدہ ہے۔ راقم عفی عنہ اس کتاب پر عربی میں تحقیق و تخریج کا کام کر رہا ہے۔

تَصَدَّقَ عَنِ الْمَيِّتِ اَوْ دَعَا لَهُ بَعَثَ اللهُ اِلَى الْمَيِّتِ عَلٰى طَبَقٍ مِّنْ نُوْرٍ"(۲۳)

یعنی، رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: "جب زندہ شخص میت کے طرف سے صدقہ کرتا ہے یا اُس کی نجات کے لئے یا اُس کے بلندیٔ درجات ہونے کے لئے دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے نور کے طبق (برتن) میں میت کے طرف بھیجتا ہے"(۲٤)۔

اور حضرت سیدنا بریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث(۲۵) جو "مشکواۃ" کے بابُ الصدقہ

---

(23) یہ الفاظ بعینہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نہیں ہے، بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اِس فرمان: مَامِن أهل بيت يموت منهم ميت، فيتصدقون عنه بعد موته إلا أهداها إليه جبريلُ عليه السلام على طبق من نور (المعجم الأوسط، برقم: ٦٥٠٤، ٥/ ٥) کا مفہوم ہے۔ واللہ اعلم بالصّواب۔

(24) "عقائد السّنيه"، الفصل السابع فيما يفعل عند الموت و ما يعرف للمؤمن ....إلخ، صـ ۲۳

(25) حدیث کے الفاظ اس طرح ہیں: كنت جالساً عند النبيّ صلى الله عليه وسلم، إذ أتته امرأة، فقالت يا رسول الله! إني كنت تصدقت على أمي بجارية وإنها ماتت قال: "وجب أجرك وردها عليك الميراث". قالت يا رسول الله! إنه كان عليها صوم شهر أفأصوم عنها قال: "صومي عنها". قالت يا رسول الله إنها لم تحج قط أفأحج عنها قال: "نعم حجي عنها"

ترجمہ: (حضرت بریدۃ کہتے ہیں کہ) میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا تھا ایک عورت نے حاضر ہو کر عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے اپنی ماں کو ایک لونڈی صدقہ میں دی تھی، اب میری ماں مر گئی ہے، آپ نے فرمایا: تیرا ثواب تجھ کو ملے گا اور میراث نے تیرے طرف اس لونڈی کو واپس کر دیا، عورت نے پھر پوچھا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری ماں پر مہینے بھر کے روزے واجب تھے، کیا میں اُس کے طرف سے روزے رکھ لوں، آپ نے فرمایا: اُس

=

(۲٦) میں میت کے طرف سے رمضان کے روزے رکھنے، حج ادا کرنے کے لئے حضور سرور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے طرف سے حکم اور اجازت میں ظاہر ہے۔

(اِسی وجہ سے) شیخ محمد زرقانی نے "مؤطا" کی شرح میں فرمایا ہے کہ: "زندہ کے صدقہ کرنے سے میت کو فائدہ ہونے پر اجماع قائم ہو چکا ہے اور یہی دلیل کافی ہے"(۲۷)۔

اور سال بسال صدقہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے بلکہ اور بھی زیادہ بلندئ درجات کا سبب ہے۔

باقی رہا وصال کی تاریخ مقرر کرنا تو یہ اچھا کام اور صدقہ کرنے کا سبب ہے اِس کے علاوہ سستی کے سبب انسان کی زندگی گذر جائے گی جس کا نتیجہ افسوس کرنے کے علاوہ کوئی اور نہیں ہوگا۔ اور زیادہ علم اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔

=

کے طرف سے روزے رکھ، پھر اُس نے پوچھا کہ میری ماں نے کبھی حج نہیں کیا، کیا میں اُس کے طرف سے حج کرلوں، آپ نے فرمایا: ہاں! اُس کے طرف سے حج کرلے۔

(26) "مشكاة المصابيح"، كتاب الزكاة، باب من لا يعود في الصدقة، الفصل الأول، الحديث: ١٩٥٥، ١/ ٦٠٩.

(27) "شرح الزرقاني على الموطأ"، كتاب الأقضية، باب صدقة الحي عن الميت، تحت الحديث: ١٥٢٧، ٤/ ٧٠

ثالثاً:

یہ الفاظ کہنا کہ "یہ طعام حضرت رسولِ ثقلین ﷺ کے میلاد کا ہے "اور" یہ طعام گیارویں شریف کا ہے" جائز ہے۔ کیونکہ میلاد شریف کا لنگر اگرچہ شکرانے کے طور پر کرنا مطلق ہے لیکن مُنعِم کے شکرانے کے باعث اس اضافت کے سبب ممتاز ہو جاتا ہے اور وہ نعمت ولادت شریف ہے۔ اِس کے مثل گیارھویں ہے کی یہ صدقہ اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اور اُس کا ثواب پیر کے لئے ہے۔ پس اِس نعمت کا شکرانہ کرنا دوسری نعمتوں کے شکرانے کرنے سے ممتاز ہو گیا۔ اور پیر کو ثواب ایصال کرنے کے لئے صدقہ دوسرے تمام صدقات سے ممتاز ہو گیا جو کسی اور منفعت کے لئے کیا جائے جس طرح مولویوں کی مسجد، سادات کی مسجد کہنے سے یہ دونوں مسجدیں تمام مساجد سے ممتاز اور جُدا معلوم ہوتی ہیں، ورنہ مساجد تو اللہ تعالیٰ کی ہیں جیسا کہ رب تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ﴾ (۲۸) ترجمہ: بیشک تمام مسجدیں اللہ ہی کی ہیں۔

اس اضافت کا بیان تمیز و جُدائی ہے۔ شیخ محمد زرقانی نے "موطا" کی "شرح "میں باب مسابقة الخيل من الثنية الى مسجد بنی زریق (۲۹) میں ذکر کیا ہے اور

---

(28) "القرآن"، سورة الجن، الآية: ١٨

(29) "شرح الزرقاني على الموطأ"، باب ما جاء في الخيل و المسابقة بينها و النفقة في الغزو، تحت الحديث: ١٠٣٢، ٣/ ٦٢

فرمایا ہے کہ: "یہاں پر مسجد کی اضافت بنی زُرَیق کے طرف ہے (جو انصار کا ایک قبیلہ ہے) اور یہ اضافت اِس وجہ سے کی گئی ہے تاکہ یہ مسجد دوسری مساجد سے الگ ہو جائے نہ کہ مِلک (ملکیت) کی وجہ سے کی گئی ہے کیونکہ مسجد کسی کی ملکیت نہیں ہو سکتی"۔

اِسی لحاظ سے مسجد کی نسبت مخلوق کے طرف کرنا حدیث پاک سے ثابت ہے تو طعام کی نسبت "عرس" یا "گیارھویں" سے کرنے میں کونسی چیز مزاحم اور مانع ہے؟ جب اِس طرح نہیں ہے تو اِس طعام کا کھانا مباح اور حلال ہے نہ کہ مکروہ اور حرام۔

رابعاً:

جب عرس اور گیارھویں کا طعام حلال ثابت ہوا تو پھر آیت ﴿وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللهِ﴾[30] کی وجہ سے یہ طعام حرام نہیں ہو گا۔ کیونکہ آیت میں یہ اِرشاد ہے کہ ذَابِح (ذبح کرنے والا) ذبح کرتے وقت تسمیہ (بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم) نہ کہے اور اِس جگہ کسی اور مخلوق کا نام لیکر ذبح کرے۔

جیسا کہ شیخ نور الحق دہلوی شارح البخاری علیہ الرحمہ نے اِس آیت شریف کی معنی میں بیان فرمایا ہے کہ: "﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ

---

(30) "القرآن"، سورة البقرة، الآية: ۱۷۳

لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ﴾ [31] یعنی، آپ پر حرام کیا گیا ہے مردار، خون، اور خنزیر کا گوشت اور وہ چیز جو اللہ تعالیٰ کے نام پر ذبح نہ کی گئی ہو"۔ [32]

"تفسیر مدارک" [33] میں ہے کہ: "بتوں کے لئے غیر اللہ کے نام سے ذبح کیا جائے جیسا کہ دَورِ جاہلیت میں لات اور عُزّیٰ جیسے بتوں کے نام پر ذبح کیے جاتے تھے"۔

بسم اللہ کی ترکیب میں أَذْبَحُ فعل مقدر ہے جو تخصیص کا فائدہ دیتا ہے کہ میں ربّ تعالیٰ کے نام سے ہی ذبح کرتا ہوں نہ کہ غیر اللہ کے نام پر ذبح کرتا ہوں، بخلاف کُفّار کی رسم کہ ذبح کرتے وقت لات اور عُزّیٰ جیسے بتوں کے نام کی تخصیص کرتے تھے۔ اور اب تخصیص میں یہ فائدہ ہوا کہ غیر کی کوئی بھی گنجائش نہیں رہی کہ حرام کا موجب ہو۔ اور حقیقی علم تو اللہ تعالیٰ کی پاس ہے۔

تیسرا سوال:

پیغمبر علیہ السلام یا اولیاء کرام کو ندا کے لفظ سے پکارنا مثلاً یا رسول اللہ، یا غوث کہنا درست ہے یا ناجائز، مکروہ یا حرام ہے؟

---

(31) "القرآن"، سورة البقرة، الآية: ١٧٣

(32) "تيسير القاري شرح بخاري"، كتاب الذّبائح و الصّيد، باب التّسمية علىٰ الصّيد، ٥/ ٢٢٣

(33) "تفسير مدارک التّنزيل"، سورة المائدة، تحت الآية: ٣، ١/ ٢٦٧

جواب:

"معجم طبرانی أوسط" میں ہے یہ حدیث منقول ہے کہ: "إِذَا أَرَادَ عَوْناً فَلْيَقُلْ يَا عِبَادَ اللهِ أَعِينُونِي"[۳۴] یعنی، جس کو کوئی مشکل آئے اور وہ مدد طلب کرنے کا ارادہ کرے تو بہتر ہے کہ یہ کہے يَا عِبَادَ اللهِ أَعِينُونِي یعنی، اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو۔ تین بار اِس طرح کہے۔ یہاں تک کہ اُس کی آسان ہو جائے۔ اِسے "حصن الحصین"[۳۵] میں ذکر کیا ہے۔

مخفی نہ رہے کہ یہ ندا سلطنت باطنی کے مددگاروں کے لئے ہے جو تدبیراتِ ملکوتی پر مقرر ہیں۔ جس طرح سلطنت ظاہری کے مددگار ملکی تدبیرات پہ مقرر ہیں۔ اور کوئی بھی امر اللہ تعالیٰ کے طرف سے صادر ہوتا ہے تو ملکوتی تدبیرات کے مطابق ملکی مددگار کی تدبیرات کے تحت ظہور ہوتا ہے۔

اِسی وجہ سے جب کوئی بھی دردمند بندہ پکارتا ہے تو خُدا کے حکم سے ملکوتی مددگار اُس کی مدد کرتے ہیں، اور گم شدہ چیز بھی واپس دلاتے ہیں۔ جس طرح "معجم"[۳۶] میں طبرانی نے، ابو یعلیٰ موصلی[۳۷] اور ابن سنی[۳۸] نے بھی ذکر

---

(34) "المعجم الكبير"، برقم: ۲۹۰، ۱۷/ ۱۱۷

(35) "حصن الحصين"، أدعية السّفر، ص۔ ۸۲

(36) "المعجم الكبير"، برقم: ۱۰۵۱۸، ۱۰/ ۲۱۷

(37) "مسند أبي يعلى"، مسند عبد الله بن مسعود، برقم: ۵۲۶۶، ص۔ ۹۵۹

کیا ہے کہ: إِذَا انْفَلَتَتْ دَابَّتُهُ فَلْيُنَادِ أَعِينُونِي يَا عِبَادَ اللهِ [۳۹] یعنی، جب کسی کا جانور گم ہو جائے تو اُس کے لئے بہتر ہے کہ اِس طرح کہے اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو۔ اِسی طرح "حصن الحصین" [۴۰] میں ہے۔

لغرض ندا سے مقصود مخاطب کا ندا کرنے والے کے طرف متوجہ ہونا مطلوب۔ ۔ اور یہ ندا حقیقت میں اللہ تعالیٰ کے لئے جائز نہیں ہے کیونکہ رب جل شانُہ کی توجہ ہمیشہ کے لئے ہے۔ جس طرح قرآن پاک میں ہے:

﴿فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللهِ﴾ [۴۱] ترجمہ: پس تم جدھر منہ کرو ادھر وجہ اللہ ہے۔

=

(38) "عمل اليوم و الليلة"، باب ما يقول إذا انتفلت دابته، برقم: ۵۰۷، صـ ۵۱۲

(39) یہ حدیث مبارکہ مصنف ابن ابی شیبہ میں ان الفاظ کے ساتھ وارد ہوئی ہے: "إِذَا نَفَرَتْ دَابَّةُ أَحَدِكُمْ، أَوْ بَعِيرُهُ بِفَلَاةٍ مِنَ الْأَرْضِ لَا يَرَى بِهَا أَحَدًا فَلْيَقُلْ: أَعِينُوا عِبَادَ اللهِ، فَإِنَّهُ سَيُعَانُ"، "المصنف لابن أبي شيبة"، كتاب الدعاء، باب ما يقول إذا ندّت به دابته أو بعيره في السفر، برقم: ۳۰۴۳۸، ۱۵/ ۳۸۵، اور اِسی کتاب میں دوسری جگہ اس طرح ہے: "إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً فَضْلًا سِوَى خَلْقِهِ يَكْتُبُونَ وَرَقَ الشَّجَرِ، فَإِذَا أَصَابَتْ أَحَدَكُمْ عَرْجَةٌ فِي سَفَرٍ فَلْيُنَادِ أَعِينُوا عِبَادَ اللهِ رَحِمَكُمُ اللهُ"، "المصنف لابن أبي شيبة"، كتاب الدعاء، باب ما يدعو به الرجل إذا ضلّت منه الضّالة، برقم: ۳۰۳۳۸، ۱۵/ ۳۴۴، "مسند البزار"، برقم: ۴۹۲۲، ۱۱/ ۱۸۱.

(40) "حصن الحصين"، أدعية السفر، صـ ۸۲

(41) "القرآن"، سورة البقرة، الآية: ۱۱۵

جب اِس جگہ توجہ طلب کرنے کی حاجت نہ رہی تو پھر مجاز کے اعتبار سے (رب تعالیٰ کو ندا کرنا) اجابت طلب کرنے کی معنی میں استعمال ہوتی ہے۔ جس طرح "غاية التحقيق" میں ہے۔

حقیقت میں ندا ایسے غائب کے متوجہ کرنے کے لئے معین اور مقرر ہے جو سننے والا اور موجود جو غیر متوجہ ہو۔ باقی ایسا غائب جو ندا سننے سے دور ہو وہ دو امر سے خالی نہ ہو گا، ایک تو (ندا کرنے والا) ایسا پریشان ہو گا کہ فقط اپنی پریشانی ختم کرنے کے لئے بغیر توجہ طلب کئے ندا کرے۔ جس طرحِ (تفسیر) "مدارک" [42] میں ہے کہ:

المتحیّریتکلّم بما یفید و بما لا یفید [43] یعنی: "پریشان مرد ایسی بات کرتا ہے کہ وہ بات مفید بھی ہوتی ہے اور غیر مفید بھی ہوتی ہے اور وہ بات نفع اور نقصان سے خالی ہوتی ہے"۔

یا پھر ایسا شخص جو بطورِ مجاز غائب کو حاضر سنے، دور والے کو قریب والے سے، معقول کو محسوس سے اور جمادات وغیرہ کو ذی روح اشیاء سے تشبیہ دے۔ اور یہ تشبیہ منقولات اور معقولات میں کافی استعمال ہوتی ہے۔ کسی نے بھی اِس کا انکار نہیں کیا ہے۔

یا پھر منادی (جس کو ندا دی گئی) بطورِ کشف جسمِ مثالی یا عینی بغیر حجاب کے

---

(42) "تفسير مدارك التنزيل"، سورة الأعراف، تحت الآية: ۵۰، ۲/ ۳۵۷

(43) تفسیر مدارک میں مذکورہ عبارت اِس طرح ہے: المتحیّرینطقُ بما یفید و بما لا یفید.

حاضر ہو جائے۔ مگر یہ تیسری صورت بغیر کرامت کے نہیں ہوتی۔ جس طرح حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا مدینہ منورہ میں خطبہ دیتے وقت الفاظ کہنا کہ "یَا سَارِیَۃَ الْجَبَلْ" یعنی اے ساریہ ! جبل کو لازم پکڑ، جبل کو لاز پکڑ۔ اور حضرت ساریہ ملکِ یمن میں جنگ میں مشغول تھے تب آپ نے یہ الفاظ سُنے پھر فوراً آپ جبل کے طرف گئے اور آپ کو فتح حاصل ہوئی (۴۴)۔

اور اِس کے علاوہ ندا کی جواز کا مدار اعتقاد کی صحت پہ ہے۔ اور اعتقاد یہ رکھنا چاہیے کہ غائب کو میری ندا اللہ تعالیٰ کے توسط سے پہنچتی ہے۔ اور یہ دو وجہوں پر ہے، یا تو ملائکہ کے واسطے سے یا پھر بغیر کسی واسطے سے۔ اور ندا کا یہ قسم بھی جائز ہے۔ البتہ یہ اعتقاد رکھنا کہ میری ندا غائب تک مطلقاً سُننے میں آتی ہے۔ اگرچہ غائب کتنا بھی دور ہو تو پھر یہ اعتقاد ناجائز اور عین الحاد ہے۔ رب تعالیٰ اِس عقیدے سے پناہ عطا فرمائے۔ اور تمام اہلِ اسلام اِس اعتقاد سے بری ہیں۔ ہاں ! اگر کوئی جاہل، شاذ، اور نادر بندہ یہ اعتقاد رکھے تو اُس پر الحاد کا حکم نہیں لگایا جائے گا۔ پس ندا پر علی الاطلاق حرمت کا حکم بھی نادر ہے کیونکہ مسلمانوں میں بُرا گمان رکھنا اچھا نہیں ہے۔

اور تشہّد میں جو سلام وارد ہے وہ بھی بطریقِ انشاء کہے نہ کہ بطریقِ اخبار

---

(44) دلائل النّبوة لأبي نعيم، الفصل التّاسع و العشرون، ما ظهر على يد عمر و نياحة الجنّ عليه، برقم: ٥٢٦، صـ ٣٤٥ ، تخريج الأربعين في التصوف للسلمي، باب في جواز الكرامات للأولياء، الحديث الخامس، صـ ٤٣.

کہے۔ جس طرح "در مختار"[45] میں ہے۔ پس پیغمبر علیہ الصلاۃ والسلام اور اولیاء کرام کو مذکورہ جائز وجوہ سے ندا کے لفظ سے پکارنا درست اور جائز ہے، حرام ومکروہ نہیں ہے۔

چوتھا سوال:

اولیاء کرام اور انبیاء عظام سے حاجت روائی کے غرض سے مدد لینا درست اور جائز ہے یا بدعت، مکروہ وحرام؟ اور کیا اِس کا قائل کافر ہوگا؟

جواب:

مدد لینے کا جواز سوال نمبر (۳) کے جواب میں معلوم ہوگا۔ مزید جواب یہ ہے کہ "شرح المقاصد"[46] میں ہے: "اسلامی قواعد سے یہ بات ظاہر ہے روح کا جسم سے نکلنے کے بعد اُس کو نئی باتوں کا ادراک اور زندہ لوگوں کے احوال کا اطلاع حاصل ہوتا ہے۔ خصوصاً میت اور زندہ لوگوں کے درمیان پہچان ہوئی ہو۔ اِسی وجہ سے قبور کی زیارت اور نیک ارواح سے مدد حاصل کرنے سے اہلِ برزخ سے بھلائی حاصل ہونا اور مصیبت کے دفع ہونے کے متعلق بھرپور فائدہ حاصل ہوتا ہے۔" انتھیٰ

---

(45) "الدر المختار"، کتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، صـ ۷۰

(46) "شرح المقاصد"، القسم الرابع، الفصل الأول: في النفس، المبحث الرابع، ۳/ ۳۳۸

"بیاضِ واحدی" [۴۷] میں ہے کہ :"امام شافعی علیہ الرحمہ نے فرمایا :"حضرت موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ علیہ کی مزار دُعا کی مقبولیت کے لئے تریاق مجرب ہے۔"

اور شیخ عبد الحق دہلوی نے "لمعات" [۴۸] شرح "مشکواۃ" میں بیان فرمایا ہے کہ:" اِس زمانے میں ایک فرقہ جو اولیاء اللہ سے مدد لینے کے منکر ہیں وہ نہیں جانتے کہ اولیاء اللہ اِس فانی دنیا سے ابدی دنیا میں منتقل ہو گئے ہیں۔ (جیسا کہ قرآن پاک میں ارشاد ہے): ﴿بَلْ أَحْيَاءٌ عِندَ رَبِّهِمْ﴾ [۴۹]

ترجمہ: بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں۔

---

(47) اس کتاب کا اصل نام "تحریر المسائل علی حسب النوازل" ہے، یہ کتاب سندھ میں "فتاویٰ واحدی" اور "بیاض واحدی" کے نام سے مشہور ہے۔ اس کتاب کا مصنف امام، فقیہ، مخدوم عبد الواحد بن قاضی مخدوم دین محمد السیوستانی السندی ہے۔ سندھ میں آپ "نعمان ثانی" کے لقب سے مشہور ہیں۔ آپ کا وصال مبارک ۲۴ رمضان المبارک سن ۱۲۲۴ھ میں ہوا۔ اور یہ ضخیم کتاب سندھ کے بعض مکتبات میں تین مجلدات جبکہ بعض مکتبات میں چار مجلدات میں موجود ہے۔ راقم اور جمعیت اشاعت اہلسنّت کی لائبریری میں بھی اس کا کامل نسخہ موجود ہے۔ اور اس کتاب کا ایک جلد طبع شدہ ہے، باقی غیر طبع شدہ ہیں، جبکہ حضرت مفتی قبلہ عطاء اللہ نعیمی اطال اللہ عمرہ اس کتاب پر تحقیق و تخریج کا کام کر رہے ہیں۔

(48) اس کتاب کا مکمل نام "اشعة اللمعات فی شرح مشکاة" ہے، یہ شرح امام فقیہ محدث شیخ عبد الحق دہلوی متوفی ۱۰۵۲ھ کی تصنیف ہے، دیکھئے: نزہۃ الخواطر، ۵/ ۵۵۵، اور یہ شرح طبع شُدہ ہے۔

(49) "القرآن"، سورة آل عمران، الآية: ١٦٩

﴿وَلٰکِنْ لَا تَشْعُرُوْنَ﴾ (٥٠) ترجمہ: ہاں تمہیں خبر نہیں ہے۔

یعنی اولیاء کرام رب تعالیٰ کے حضور میں زندہ ہیں، لیکن یہ منکر فرقہ اُن کی ابدی حیاتی کو نہیں مانتے۔ اور اِس زمانے میں جو فرقہ پیدا ہوا ہے وہ اولیاء کرام کے طرف متوجہ ہونے والے کو مشرک قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اولیاء کرام کے طرف متوجہ ہونا بتوں کی عبادت کرنے کی طرح ہے بلکہ اِس سے بھی زیادہ خرافات بکتے ہیں۔

﴿مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُوْنَ﴾ (٥١)

ترجمہ: انہیں اِس کی حقیقت کچھ معلوم ہی نہیں ہے، یوں ہی اٹکلیں دوڑاتے ہیں۔

یعنی اِس فرقے کو اِس کی معنی کے متعلق کوئی علم نہیں ہے وہ فقط قیاسِ باطل اور فضول خیالات کرتے ہیں"۔ (٥٢) انتہیٰ

مؤلف کہتا ہے کہ اولیاء اللہ سے مدد مانگنے کے منکر پر عجب ہے حلانکہ یہ (منکر حضرات) ظاہری دنیا والوں سے تو مدد مانگنے کے جواز کے اقراری ہیں اگرچہ وہ دنیا والے مسلمان ہوں یا کافر جو سلطنتِ ظاہری کے مدد گار ہیں اُن سے نہایت عجز و انکساری سے دنیا کے مطلب کے لئے مدد لیتے ہیں اور اُن کو یہ بھی یقین ہے کہ رب

---

(50) "القرآن"، سورة البقرة، الآية: ١٥٣

(51) "القرآن"، سورة الزخرف، الآية: ٢٠

(52) "اشعة اللمعات"، كتاب الجهاد، باب حكم الأسراء، الفصل الأول، ٣/ ٤٠٢

تعالیٰ کے حکم کے بغیر ہمارا مقصود حاصل نہیں ہو گا۔ مگر وصال شدہ اولیاء کرام جو حقیق حاکم جل شانہ کے قرب سے خاص ہیں اور سلطنت باطنی کے مددگار ہیں اُن کو دنیا کے زندہ لوگ عاجز سمجھتے ہیں حالانکہ ظاہر کا دومدار باطن پر ہے۔ اگر کوئی فعل باطن میں وجود نہیں لے رہا تو وہ ظاہر میں کیسے وجود لے گا؟ جیسے درخت کو باطنی پاڑ کی مدد نہ ہو تو وہ یکدم تازہ کیسے ہو گا؟

اگر وصال شدہ حضرات ظاہری اعمال جو اجسام سے تعلق رکھتے ہیں اُن سے منقطع ہیں تو باطنی اعمال جن کا تعلق ارواح سے ہے اُن سے تو فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ اگر اِس طرح نہ ہوتا اور وصول کا حصول نہ ہوتا تو صالح اولاد، وقف کے اقسام اور علم کی تعلیم جیسے اعمالِ جاریہ موت کے بعد اُن (وصال شدہ حضرات) کو اِن اعمال کا فائدہ نہ پہنچتا۔ حالانکہ یہ بات تو صحیح احادیث سے ثابت ہے۔ اور اِسی وجہ سے ہی منکروں کا انکار دفع ہو جاتا ہے۔ مُلک اور ملکوت قدرت کے قبضے میں ہیں پھر مُلک کو ملکوت سے فائدہ حاصل ہو تو اِس میں کون سا عجب ہے؟ اِسی طرح ملکوت کو مُلک سے فائدہ حاصل ہو تو اِس میں کیا عبرت ہے؟

لھذا اولیاء کرام اور انبیاء عظام سے مدد مانگنا درست اور شرعاً جائز طے اور اِس کو حرام جاننے والا خود محروم ہے۔ زیادہ علم اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔

پانچواں سوال:

"یَا شَیْخُ عَبْدَ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ شَیْئاً لِلّٰہِ" ورد پڑھنا درست اور مباح ہے یا نادرست، مکروہ اور حرام ہے؟

اِس سوال سے مراد ندا اور مدد مانگنا ہے اور یہ بات سوال نمبر ۳ اور ۴ کے
ں وضاحت سے بیان کیا گیا ہے۔ یہاں اِس کے طوالت کی ضرورت نہیں ہے
قل کے لئے تو اشارہ ہی کافی ہے۔

ں:

حضرت رسول اکرم ﷺ کے لئے بروزِ محشر شفاعت ثابت ہے یا نہیں؟ اور
شفاعت کی اجازت حضرت علیہ الصلاۃ و السلام کو حاصل ہے یا نہیں؟ اگر
ر سول اکرم ﷺ کو شفاعت کا اذن حاصل ہے تو اِس آیات کی کیا معنی ہے؟

ا الَّذِی یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ﴾ (٥٣)

وہ کون ہے جو اُس کے ہاں سفارش کرے بے اُس کے حکم کے۔

نْ شَفِیْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِہٖ﴾ (٥٤)

وئی سفارشی نہیں مگر اُس کی اجازت کے بعد۔

عُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَہٗ﴾ (٥٥)

شفاعت کام نہ دے گی مگر اُس کی جسے اذن دیدیا۔

القرآن"، سورة البقرة، الآیة: ٢٥٥

"القرآن"، سورة یونس، الآیة: ٣

القرآن"، سورة طه، الآیة: ١٠٩

تعالیٰ کے حکم کے بغیر ہمارا مقصود حاصل نہیں ہو گا۔ مگر وصال شدہ اولیاء کرام جو حقیق حاکم جل شانہ کے قرب سے خاص ہیں اور سلطنت باطنی کے مدد گار ہیں اُن کو دنیا کے زندہ لوگ عاجز سمجھتے ہیں حالانکہ ظاہر کا دومدار باطن پر ہے۔ اگر کوئی فعل باطن میں وجود نہیں لے رہا تو وہ ظاہر میں کیسے وجود لے گا؟ جیسے درخت کو باطنی پاڑ کی مدد نہ ہو تو وہ یکدم تازہ کیسے ہو گا؟

اگر وصال شدہ حضرات ظاہری اعمال جو اجسام سے تعلق رکھتے ہیں اُن سے منقطع ہیں تو باطنی اعمال جن کا تعلق ارواح سے ہے اُن سے تو فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ اگر اِس طرح نہ ہوتا اور وصول کا حصول نہ ہوتا تو صالح اولاد، وقف کے اقسام اور علم کی تعلیم جیسے اعمالِ جاریہ موت کے بعد اُن (وصال شدہ حضرات) کو اِن اعمال کا فائدہ نہ پہنچتا۔ حالانکہ یہ بات تو صحیح احادیث سے ثابت ہے۔ اور اِسی وجہ سے ہی منکروں کا انکار دفع ہو جاتا ہے۔ مُلک اور ملکوت قدرت کے قبضے میں ہیں پھر مُلک کو ملکوت سے فائدہ حاصل ہو تو اِس میں کون سا عجب ہے؟ اِسی طرح ملکوت کو مُلک سے فائدہ حاصل ہو تو اِس میں کیا عبرت ہے؟

لھذا اولیاء کرام اور انبیاء عظام سے مدد مانگنا درست اور شرعاً جائز طے اور اِس کو حرام جاننے والا خود محروم ہے۔ زیادہ علم اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔

پانچواں سوال:

"یَا شَیْخُ عَبْدَ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ شَیْئاً لِلّٰہِ" ورد پڑھنا درست اور مباح ہے یا نادرست، مکروہ اور حرام ہے؟

جواب:

اِس سوال سے مراد ندا اور مدد مانگنا ہے اور یہ بات سوال نمبر ۳ اور ۴ کے جواب میں وضاحت سے بیان کیا گیا ہے۔ یہاں اِس کے طوالت کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ عاقل کے لئے تو اشارہ ہی کافی ہے۔

چھٹا سوال:

حضرت رسول اکرم ﷺ کے لئے بروزِ محشر شفاعت ثابت ہے یا نہیں؟ اور دنیا میں شفاعت کی اجازت حضرت علیہ الصلاۃ و السلام کو حاصل ہے یا نہیں؟ اگر حضرت رسول اکرم ﷺ کو شفاعت کا اذن حاصل ہے تو اِس آیات کی کیا معنی ہے؟

﴿مَنْ ذَا الَّذِی یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ﴾ [53]

ترجمہ: وہ کون ہے جو اُس کے ہاں سفارش کرے بے اُس کے حکم کے۔

﴿مَا مِنْ شَفِیْعٍ اِلَّا مِنْ بَعْدِ اِذْنِهٖ﴾ [54]

ترجمہ: کوئی سفارشی نہیں مگر اُس کی اجازت کے بعد۔

﴿لَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهٗ﴾ [55]

ترجمہ: شفاعت کام نہ دے گی مگر اُس کی جسے اذن دیدیا۔

---

(53) "القرآن"، سورة البقرة، الآية: ٢٥٥

(54) "القرآن"، سورة يونس، الآية: ٣

(55) "القرآن"، سورة طه، الآية: ١٠٩

﴿وَلَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ ارْتَضَىٰ وَهُمْ مِنْ خَشْيَتِهِ مُشْفِقُونَ﴾ (٥٦)

ترجمہ: اور شفاعت نہیں کرتے مگر اُس کے لئے جسے وہ پسند فرمائے، اور وہ اس کے خوف سے ڈر رہے ہیں۔

جواب:

شفاعت ''شفع'' سے مشتق ہے جس کی معنی جفت ہے مگر یہاں مراد ہے کہ دوسے کی مدد کے لئے کوشش کرنا۔ اور یہ دو قسم پر ہے (۱) حصولِ نجات (۲) وصولِ درجات۔

اور رب تعالیٰ کی بارگاہ میں شفاعت بغیر عاجزی و دعا کے دوسری صورت میں نہیں ہے۔ اور آپ ﷺ کو علی العموم دنیا میں ہی شفاعت حاصل ہے بلکہ حکم بھی ہے اور اِس پہ یہ آیتِ کریمہ دلیل ہے۔

﴿فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ﴾ (٥٧)

ترجمہ: تو جان لے کہ اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہیں، اور اے محبوب اپنے خاصوں اور عام مسلمان مردوں اور عورتوں کے گناہوں کی معافی مانگو۔

اور یہ بھی ثابت ہے کہ مؤمن کے لئے شفاعت اور مدد کرنا ہے اور کفار اور منافق لوگوں کے لئے شفاعت غیر ماذون ہے۔ جس طرح قرآن پاک میں ہے:

---

(56) "القرآن"، سورة الأنبياء، الآية: ٢٨

(57) "القرآن"، سورة محمّد، الآية: ١٩

﴿اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِن تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ﴾ (٥٨)

ترجمہ: تم اُن کی معافی چاہو یا نہ چاہو، اگر تم ستر بار اُن کی معافی چاہو گے تو اللہ ہرگز اُنھیں نہیں بخشے گا۔

یہ آیتِ کریمہ عدمِ اذن (یعنی اجازت نہ ہونے) پر واضع دلیل ہے کہ کفار اور منافق کے لئے بخشش طلب کرنا اور اُن کی شفاعت کرنا مقبول نہیں ہے۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اِس کا بھی ماذون ہوتے تو اُن کے حق میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت بھی قبول ہوتی۔

معلوم ہوا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مومن کے لئے شفاعت اور مدد کرنے کے ماذون ہیں اور کفار و منافق کے لئے غیر ماذون ہین۔ پھر یہ آیت:

﴿مَن ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِندَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ﴾ (٥٩)

ترجمہ: وہ کون ہے جو اُس کے ہاں سفارش کرے بے اُس کے حکم کے۔

اور دوسری آیات ایسے شخص کے لئے جو کفار اور منافق کے شفاعت کا مرتکب ہو اُس کے لئے تہدید کے فائدے کے لئے ہیں۔ یعنی اِن (کفار و منافقین) کے لئے شفاعت کرے پھر بھر اِن کے لئے کوئی فائدہ نہیں ہے۔

اور مخفی نہ رہے کہ یہ آیات کفار کے لئے دعا مانگنے کے لئے صریح رد میں

(58) "القرآن"، سورة التوبة، الآية: ٨٠

(59) "القرآن"، سورة البقرة، الآية: ٢٥٥

نازل ہوئی ہیں جو اپنے باطل گمان میں یہ دعوی رکھتے تھے کہ رب تعالیٰ کی بارگاہ میں یہ بت ہماری شفاعت کریں گے۔ پس جب اِس مقدمے نے تمہید کی صورت اختیار کرلی۔ پھر رسول اللہ ﷺ کی شفاعت مؤمنوں کے لئے دنیا اور آخرت میں احادیث کے نص سے ثابت ہے۔ جس طرح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کسے کی نمازِ جنازہ میں یہ دعا مانگی "اللّٰھمَّ أنتَ ربُّھا و أنتَ خلقتَھا و أنتَ ھدیتَھا الإسلامَ و أنتَ قبضتَ روحَھا و أنتَ أعلمُ بسرِّھا و علانیتِھا جئنا شفعاءَ، فاغفر له" یعنی، اے ہمارے اللہ! تو اِس کا رب ہے، تو نے اِس کو پیدا فرمایا ہے، اور تو نے ہی اِس دکو اسلام کے ہرف ہدایت عطا فرمائی ہے، اور تو ہی اِس کی ظاہر اور باطن کو جانتا ہے، پس ہم اِس کے لئے شفیع بن کر آئے ہیں لھذا اِس کو بخش دے۔

اِس حدیث کو امام ابو داؤد (٦٠) نے روایت فرمایا ہے۔

یعنی آپ ﷺ نے نمازِ جنازہ میں یہ دعا مانگی کہ ہم اِس میت کے لئے شفاعت کرنے والے اور مددگار بن کر آئے ہیں۔ اور یہ الفاظ اذنِ شفاعت پر صریح مبنی ہیں۔ ہاں! بغیر اذن کے کسی کو کیا مجال کہ وہ شفاعت کرے۔

"مشکواۃ شریف" کے باب السجود (٦١) میں ہے کہ: "حضرت سعد بن

---

(60) "سنن أبي داؤد"، كتاب الجنائز، باب الدعاء للميت، الحديث: ٣٢٠٠، ٥/ ١٠٩.

(61) "مشكاة المصابيح"، كتاب الصلاة، باب في سجود الشكر، الفصل الثاني، الحديث: ١٤٩٦، ١/ ٤٧٣.

ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دن ہم نبی کریم ﷺ کی رفاقت میں مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کے طرف آرہے تھے جب ہم "غزوزاء" کے مقام جو مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بیچ میں ہے کو قریب ہوئے تو آپ ﷺ نے وہاں نزول فرمایا، پھر آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ بلند فرمائے کچھ دیر دعا کے بعد آپ ﷺ سجدے میں تشریف لے گئے، کافی دیر کے بعد سجدہ سے باہر آئے پھر دعا مانگی پھر طویل سجدہ کیا پھر دعا مانگی اور پھر طویل سجدہ کیا۔ یعنی تین مرتبہ دعا مانگی اور تین مرتبہ سجدہ فرمایا اُس کے بعد آپ ﷺ نے اِرشاد فرمایا کہ اِنِّیْ سَاَلْتُ رَبِّیْ وَ شَفَعْتُ لِاُمَّتِیْ یعنی میں نے رب العالمین کی بارگاہ میں دعا مانگی اور اپنی امت کے لئے شفاعت طلب فرمائی کہ اپنی ساری امّت کے ساتھ محشر کی ہولناک جگہ پر مدد کرتے ہوئے ساتھ رہوں جیسا کہ حساب کی جگہ اور میزان اور پل صراط اِس کے علاوہ دیگر مقامات، پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے میری امت کا تہائی حصہ عطا فرمایا کہ اُن کی خوف کے مقامات پر میں مدد کروں۔ پھر میں نے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں شکرانے کا سجدہ کیا پھر میں نے اپنی امّت کے لئے دعا مانگی تو اللہ تعالیٰ نے پھر تہائی امت عطا فرمائی، پھر میں ربّ تعالیٰ کی بارگاہ میں سر بسجود ہوا، پھر میں نے اپنی امت کے بارے میں دعا مانگی تو اب اللہ تعالیٰ نے میری امّت کا آخری حصہ بھی عطا فرمایا۔ پس اِس آرزو بجا آوری پر میں ربّ کی بارگاہ میں سر بسجود ہوا۔"

یہ حدیث بھی رسول اللہ ﷺ کے دنیا میں اپنی امت کے لئے شفاعت کرنے اور شفاعت مقبول ہونے پر دلیل ہے۔ اور اِس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ

